© rasailojaraid.com

# دارالعلوم حقانیہ
## کی
# زیر تعمیر لائبریری

## عظیم الشان صدقۂ جاریہ میں حصہ لیجئے

★

پچھلے سال ہم نے دارالعلوم حقانیہ کے شایان شان کتب خانہ کی مستقل عمارت کی ضرورت کیطرف اہلِ خیر اور صاحب درد مسلمانوں کو توجہ دلائی تھی، اور یہ کہ یہ عمارت دارالعلوم حقانیہ جیسے عظیم علمی مرکز کی تمام تحقیقی اور مطالعاتی ضروریات کے پیش نظر جدید طرز پر تعمیر ہونی چاہئے، اس کے ساتھ دارالتصنیف، دارالافتاء، مؤتمر المصنفین، ماہنامہ الحق کے نئے دفاتر کا بھی ذکر کیا تھا۔ یہ سارا کام جو کئی لاکھ کے مصارف سے تکمیل پذیر ہوگا بحمد اللہ اس کا ایک حصہ مکمل ہو چکا ہے، اب عمارت کا اصل حصہ (کتب خانہ کی تعمیر) کا کام باقی ہے جو قلمی، مطبوعہ، درسی اور غیر درسی کتابوں اور دارالمطالعہ کے الگ الگ حصص پر مشتمل ہوگا۔ سر دست توکلاً علی اللہ لائبریری کی تعمیر کا کام شروع کر دیا گیا ہے، اور اس وقت زیر تعمیر منصوبہ پر دو لاکھ مصارف کا تخمینہ ہے۔ دارالعلوم کا سرمایہ محض اللہ پر توکل اور دینی درد سے بہرہ ور اہلِ خیر مسلمانوں کا جذبۂ تعاون ہے۔ اس اعتماد پر ہم تمام درد مند مسلمانوں کے جذبۂ اشاعت دین اور علم پروری کی بناء پر ملتمس ہیں کہ علمی زوال و انحطاط کے اس دور میں اس عظیم الشان کتب خانہ کی تعمیر میں حتی المقدور اور جلد از جلد دست تعاون بڑھائیں اور اپنے لئے صدقۂ جاریہ کا سامان پیدا کریں۔ اگر چند ہی مخلص حضرات اس تعمیری مد میں امداد فرمادیں تو یہ منصوبہ اسی سال انشاء اللہ تکمیل پذیر ہو سکے گا۔

وما تقدموا لانفسکم من خیر تجدوہ عند اللہ ——— اس سلسلہ میں بھیجی جانے والی رقومات کے ساتھ "برائے تعمیر کتب خانہ" کی وضاحت ہونی چاہئے۔

**دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع پشاور، پاکستان**

© rasailojaraid.com